مستند احادیث سے ثابت شدہ صبح وشام کی دعاؤں کا بہترین مجموعہ

۱۔ فضیلت سیّد الاستغفار، جنت کا پروانہ ملنا (صبح وشام ایک مرتبہ)

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ، وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ اِغْفِرْ لِیْ، فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ. (بخاری: ۶۳۰۶، دار طوق النجاۃ)

ترجمہ: اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا فرمایا اور میں تیرا بندہ ہوں۔ میں اپنی استطاعت کے مطابق تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے کاموں کے شر سے، میں تیری نعمتوں کا اپنے اوپر اقرار کرتا ہوں اور میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں، تو مجھے معاف کردے، پس گناہوں کو معاف کرنے والی صرف تیری ہی ذات ہے۔

۲۔ فضیلت دنیا وآخرت کی عافیت کے لیے (صبح وشام ایک مرتبہ)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ، اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَآمِنْ رَوْعَاتِیْ، اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَيَّ، وَمِنْ خَلْفِیْ، وَعَنْ یَّمِیْنِیْ، وَعَنْ شِمَالِیْ، وَمِنْ فَوْقِیْ، وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ.

(ابوداؤد: ۵۰۷۴، دار الرسالۃ)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے دُنیا وآخرت میں عافیت مانگتا ہوں، اے اللہ! میں آپ سے اپنے دین و دنیا اور اپنے اہل وعیال اور مال میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میرے عیوب کو چھپا لیجئے اور مجھے اپنے خوف اور اندیشوں سے محفوظ فرما دیجئے۔ اے اللہ! میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، دائیں سے، بائیں سے اور اُوپر سے میری حفاظت کیجئے، میں آپ کی عظمت کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں نیچے سے ہلاک کیا جاؤں (یعنی زلزلہ وغیرہ سے)۔

۳۔ فضیلت صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک کی حفاظت کے لیے (ایک مرتبہ)

حٰمٓ ○ تَنْزِیْلُ الْكِتَابِ مِنَ اللهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ

التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ .

اس کے بعد آیت الکرسی پڑھیں۔ (ترمذی:۲۸۷۹، دار الغرب الإسلامی)

ترجمہ: ''یہ کتاب اللہ کی طرف سے اتاری جا رہی ہے، جو بڑا صاحب اقتدار، بڑے علم کا مالک ہے، جو گناہ کو معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، سخت سزا دینے والا، بڑی طاقت کا مالک ہے۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اسی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے۔''

۴۔ فضیلت ادائیگی قرض اور ہر پریشانی سے نجات کے لیے (صبح و شام ایک مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ، وَقَهْرِ الرِّجَالِ. (ابوداود:۱۵۵۵، دار الرسالۃ)

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں فکر اور غم سے، اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں عاجز ہونے اور سستی سے، اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں بزدلی اور بخل سے، اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں قرض کے بوجھ اور لوگوں کے ظلم و ستم سے۔

۵۔ فضیلت ہر کام کے لیے کافی ہونا (صبح و شام ۳ مرتبہ)

سورۃ الاخلاص ○ سورۃ الفلق ○ سورۃ الناس (سنن نسائی:۵۴۲۸، المطبوعات الاسلامیۃ)

۶۔ فضیلت اندھاپن، جذام اور برص کی بیماریوں سے حفاظت (صبح کی نماز کے بعد ۳ مرتبہ)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

(معجم کبیر طبرانی:۹۴۰، ابن تیمیۃ)

ترجمہ: میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں اس کی تعریف کے ساتھ، میں پاکی بیان کرتا ہوں اس اللہ کی جو بلند و برتر ہے اس کی تعریف کے ساتھ، گناہ سے بچنے کی توفیق اور نیکی کرنے کی طاقت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

۷۔ فضیلت جہنم سے حفاظت (فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ. ترجمہ: اے اللہ! مجھے جہنم کی آگ سے بچا۔

(ابوداود:۵۰۷۹، دار الرسالۃ)

۸۔ فضیلت دس نیکیاں، دس گناہوں کا مٹنا، دس درجات کا بلند ہونا، ایک غلام آزاد کرنے کا

ثواب ملنا، نیز شیطان اور ہر مکروہ چیز سے حفاظت (صبح وشام ایک مرتبہ)

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (ابوداؤد:۵۰۷۷، دارالرسالۃ)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

۹۔فضیلت ناگہانی آفتوں سے حفاظت (صبح وشام ۳ مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ، وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. (ابوداؤد:۵۰۸۸، دارالرسالۃ)

ترجمہ: میں شروع کرتا ہوں اس اللہ کے نام سے، جس کے نام کے ساتھ زمین اور آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہ خوب سننے والا اور خوب جاننے والا ہے۔

۱۰۔فضیلت ہر موذی چیز سے حفاظت (۳ مرتبہ)

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (سنن کبری نسائی:۱۰۳۵۲، موسسۃ الرسالۃ)

ترجمہ: میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے اس کی پناہ مانگتا ہوں، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔

۱۱۔فضیلت: اس دعا کے پڑھنے والے کو قیامت کے دن اللہ پاک کی رضا کا نصیب ہونا

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا. (مسند احمد:۱۸۹۶۷، موسسۃ الرسالۃ) (صبح وشام ۳ مرتبہ)

ترجمہ: میں اللہ کے پروردگار ہونے، اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوں۔

۱۲۔فضیلت مسائل اور پریشانیوں کے حل کے لیے اللہ کافی ہو جائے گا (صبح وشام ۷ مرتبہ)

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

(ابوداؤد:۵۰۸۱، دارالرسالۃ)

ترجمہ: میرے لیے اللہ کافی ہے، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

۱۳۔فضیلت دن رات کی نعمتوں کا شکرانہ (صبح وشام ایک مرتبہ)

اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ، وَلَكَ الشُّكْرُ (ابوداود:۵۰۷۳،دارالرسالۃ)

ترجمہ: اے اللہ! صبح/شام کو جو نعمتیں میرے پاس ہیں، وہ تیری ہی دی ہوئی ہیں، تو یکتا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں ہے، تو ہی ہر طرح کی تعریف کا مستحق ہے اور میں تیرا ہی شکر گزار ہوں۔

(نوٹ: شام کو پڑھتے وقت مَا اَصْبَحَ کے بجائے مَا اَمْسٰی پڑھیں۔)

۱۴۔فضیلت تمام آفتوں سے حفاظت کے لیے (صبح وشام ایک مرتبہ)

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ، لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ مَا شَاءَ اللهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ، اَعْلَمُ اَنَّ اللهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَاَنَّ اللهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا (ابوداود:۵۰۷۵،دارالرسالۃ)

ترجمہ: میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں اس کی تعریف کے ساتھ، نیکی کی توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے، جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے اور جو وہ نہ چاہے، وہ نہیں ہوتا، میں جانتا ہوں کہ بیشک اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے اور یہ کہ اللہ کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے۔

۱۵۔فضیلت ستر ہزار فرشتوں کی دعا اور شہادت کی موت کے لیے

اَعُوْذُ بِاللهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. (صبح وشام ۳ مرتبہ)

ترجمہ: میں اس اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جو سننے اور جاننے والا ہے، شیطان مردود کے شر سے۔

هُوَ اللهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (ترمذی،۲۹۲۲،دارالغرب الإسلامی) (صبح وشام ایک مرتبہ)

ترجمہ: ''وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ چھپی اور کھلی ہر بات کو جاننے والا ہے۔ وہی ہے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے۔ وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، جو بادشاہ ہے، تقدس کا مالک ہے، سلامتی دینے والا ہے، امن بخشنے والا ہے، سب کا نگہبان ہے، بڑے اقتدار والا ہے، ہر خرابی کی اصلاح کرنے والا ہے، بڑائی کا مالک ہے۔ پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ وہ اللہ وہی ہے جو پیدا کرنے والا ہے، وجود میں لانے والا ہے، صورت بنانے والا ہے، اسی کے سب سے اچھے نام ہیں۔ آسمانوں اور زمین میں جتنی چیزیں ہیں، وہ اس کی تسبیح کرتی ہیں، اور وہی ہے جو اقتدار کا بھی مالک ہے، حکمت کا بھی مالک''۔

۱۶۔ فضیلت جہنم کی آگ سے پورے جسم کے لیے آزادی کا پروانہ (صبح وشام ۴ مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ (ابوداود: ۵۰۶۹، دارالرسالۃ)

ترجمہ: اے اللہ! بیشک میں نے صبح کی، میں تجھے اور تیرے حاملین عرش کو اور تیرے تمام فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں، اس بات پر کہ بیشک تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، اور اس بات پر کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

(نوٹ: شام کو پڑھتے وقت اَصْبَحْتُ کے بجائے اَمْسَيْتُ پڑھیں۔)

۱۷۔ فضیلت حادثات سے بچنے کے لیے (دعاء سیّدنا ابو درداءؓ) (صبح وشام ایک مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ مَا شَاءَ اللهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ اَعْلَمُ اَنَّ اللهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَّاَنَّ اللهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا، اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ. (کتاب الدعاء للطبرانی: ۳۴۳، دارالکتب العلمیۃ)

ترجمہ: اے اللہ! تو میرا رب ہے، کوئی معبود نہیں ہے سوائے تیرے، تجھ پر ہی میں نے بھروسہ کیا اور تو مالک

ہے عزت والے عرش کا، جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے اور جو نہ چاہے وہ نہیں ہوتا، گناہ سے بچنے کی توفیق اور نیکی کرنے کی طاقت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ میں جانتا ہوں کہ بیشک اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے اور یہ کہ اللہ کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے۔ اے اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور ہر جاندار کے شر سے، جس کی پیشانی آپ نے پکڑی ہوئی ہے۔ بیشک میرا رب سیدھے راستے پر ہے۔

۱۸۔فضیلت تمام گناہوں کا معاف ہوجانا (۳مرتبہ)

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ.

ترجمہ: میں اس اللہ سے مغفرت مانگتا ہوں، جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جو ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے، اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ (مستدرک حاکم: ۲۵۵۰، دارالکتب العلمیۃ)

۱۹۔فضیلت دن اور رات کے اوراد و اذکار میں کمی کی تلافی کے لیے (صبح و شام ایک مرتبہ)

فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَہُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْھِرُوْنَ ○ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا وَکَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ ○

ترجمہ: پس اللہ کی تسبیح کرو اُس وقت بھی جب تمہارے پاس شام آتی ہے، اور اُس وقت بھی جب تم پر صبح طلوع ہوتی ہے، اور اسی کی حمد ہوتی ہے آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی اور سورج ڈھلنے کے وقت بھی (اُس کی تسبیح کرو) اور اُس وقت بھی جب تم پر ظہر کا وقت آتا ہے۔ وہ جاندار کو بے جان سے نکال لاتا ہے، اور بے جان کو جاندار سے نکال لیتا ہے، اور وہ زمین کو اُس کے مردہ ہوجانے کے بعد زندگی بخشتا ہے اور اسی طرح تم کو (قبروں سے) نکال لیا جائے گا۔ (ابوداؤد: ۵۰۷۶، دارالرسالۃ)

۲۰۔فضیلت قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت حاصل کرنے کیلئے درود شریف (۱۰مرتبہ)
(الصلاۃ علی النبی لابن ابی عاصم: ۶۱، دارالمامون)